ایکل فلم کا

प्रोफेसर

پروفیسر

اداکاران

شمی کپور - کلپنا

للتا پوار - پروین چودھری

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

ہیرو نمبر فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

ہو کوئی آئے گا ۔ آئے گا آئے گا
میرے گاؤں کوئی آئے گا
پیار کی ڈور سے بندھ جائے گا
میرے گاؤں کوئی ـــ

نین پھڑکیں بھنور جیسی کالی کالی انکھیاں
تو دل پوچھیں بھید جیا کا چنچل چنچل سکھیاں
ڈر ڈر جاؤں لاج کی ماری بول نہ پاؤں بتیاں
رنگ رنگیلا موسم لایا آج پیا کی پتیاں
وہ ہم سے چوری چوری آنکھ ملائے گا
میرے گاؤں کوئی آئے ـــ

جب جب دیکھوں درپن دل کا
آئے نظر اک چھیلا
ٹھمک ٹھمک ٹھمکے چال نشیلی
لاگے دل البیلا
ہر دم میرا دل دھڑکائے سجن ملن کی بیلا
پل پل چھن چھن مڑ مڑ دیکھوں
پریتم روپ نشیلا

وہ آ کے سویا بھاگ جگائے گا
ہمرے گاؤں کوئی —
دن کا سورج رات کا چندا راہوں کا اجیارا
ہیرے ہوئے ہمرے نین پہ چھایا بن دیکھے متوارا
رام ہی جانے کیسا ہو گا سپنا جس کا پیارا
ہائے رے جس کی یاد نے ہم پر پیار کا جادو ڈارا
وہ آ کے میٹھی میٹھی نیند چرائے گا
ہمرے گاؤں کوئی —
پیار کی ڈور سے بندھ جائے گا

گانا نمبر ۲:— یہ عمر ہے کیسا رنگیلی
یہ نظر ہے کیسا نشیلی
پیار میں کھوئے کھوئے نین۔ ہمارا دم دم بے چین
ہمارا ہی زمانہ ہے
ہائے ہم پر بھی جوانی ۔ اور دنیا تھی دیوانی
کبھی کہے ہم بھی تھے دلدار ۔ کوئی کرتا تھا ہم سے پیار
ہمارا بھی زمانہ تھا
یہ متوالی چنچل آنکھیں ۔ دیکھیں سپنے پاگل آنکھیں
گدرائیں چھائی بہاریں ۔ چال ہوئی بنتانی
یہ عمر ہے کیا نشیلی
دم ہے جب تک جیون اپنا
ارے جان ہے جب تک سب کچھ اپنا

دِل کی باتیں سن تو اب تو ۔ آنکھوں کی زبانی
ہائے یہ ہم پر بھی جوانی
جیون کیا ہے ہنستے رہنا ۔ من موجوں میں بہتے رہنا
پیچھے بیٹھو مانے نہ ہم ۔ باتیں وہ پرانی
یہ عمر ہے کیا رنگیلی
ہم نے مانا یہ خزاں ہے ۔ دِل تو اپنا پھر بھی جواں ہے
منہ نہ دیکھو ۔ دِل کو دیکھو چھوڑو یہ نادانی
ہائے یہ ہم پر بھی جوانی

گانا نمبر ۳ :- میں چلی ۔ میں چلی
پیچھے پیچھے جہاں
یہ نہ پوچھو کدھر ۔ یہ نہ پوچھو کہاں
سجدے میں حسن کے جھک گیا آسماں
لو شروع ہو گئی پیار کی داستاں
میں چلی میں چلی
جاؤ جہاں کہیں آنکھوں سے دور
دِل سے نہ جاؤ گے میرے حضور
جادو نگاہوں کا چھایا سرور
ایسے میں بہکے تو کس کا قصور
میں چلی ۔ میں چلی
بہکے قدم چاہے بہکے نظر
جائیں گے دِل لے کے جائیں جدھر

پیار کی راہوں میں بیارا سفر
ہم کبھی بھی جب ہمیں تو کیا ہے فکر
بن چلی۔ بن چلی۔

گانا نمبر۲:۔ او گل بدن۔ او گل بدن
پھولوں کی مہک۔ کانٹوں کی چبھن
تجھے دیکھ کے کہتا ہے میرا من
کہیں آج کسی سے محبت نہ ہو جائے
کیا حسین موڑ پہ آ گئی زندگانی
کہ حقیقت نہ بن جائے میری کہانی
جب آہیں بھرے یہ ٹھنڈی پون
سینے میں سلگ اٹھتی ہے اگن
تجھے دیکھ کے کہتا ہے میرا من
کہیں آج کسی سے محبت نہ ہو جائے
کیا عجیب رنگ میں بج رہی ہے خدائی
کہ ہر چیز مالک نے سندر بنائی
ندیا کا چمکتا ہے درپن
مکھڑا دیکھے سپنوں کی دلہن
تجھے دیکھ کے کہتا ہے میرا من
کہیں آج کسی سے محبت نہ ہو جائے
ہیں تمہیں سے جو آنکھیں ملانا چاہتا ہوں
کہ تمہیں کو میں تم سے چرانا چاہتا ہوں

مت پوچھو میرا دیوانہ پن
آکاش سے اونچی دِل کی اڑن
مجھے دیکھ کے کتنا ہے میرا من
کہیں آج کسی سے محبت نہ ہو جائے

گانا نمبر ۵ ۔ ذرا ٹھہرو ۔ خدا میرے دِل کی
ذرا سنتے جاؤ

کھلی پلک میں جھوٹا غصہ
بند پلک میں پیار
آنکھیں میں اقرار کی جھلکی ۔ ہونٹوں پہ انکار
جینا بھی مشکل، مرنا بھی مشکل
جس دِن سے دیکھا تم کو
تم لگے مجھے اپنے سے
اور آ کے رہے آنکھوں میں
اِک من چاہے سپنے سے
سمجھ نہ آئے کیا جیتا ہیں
اور گیا کیا ہار
جینا بھی مشکل
تم پیار چھپا کے ہارے ہم پیار جتا کر ہارا
اب تو ساری دنیا پہ ظاہر ہے حال ہمارا
پہنچ گئے اِس منزل پہ لوٹنا اب تو ہے دشوار
جینا بھی مشکل

اسے میری بات نہ سمجھو کیا لیتا ہے بات بنا کے
کچھ کہنا تھا میرے دل کا جاتا ہوں وہی دوہرا کے
نہ ہو یقین تو پڑھ کر دیکھو آنکھوں میں اک بار
جینا بھی مشکل —

گانا مبر ۱۰ ۔ آواز دے کے ہمیں تم بلاؤ
محبت میں اتنا نہ ہم کو ستاؤ
ابھی تو میری زندگی ہے پریشان
کہیں مر کے ہو خاک بھی نہ پریشان
دیے کی طرح سے نہ ہم کو جلاؤ
محبت میں اتنا —
میں سانسوں کے ہر تار میں چھپ رہا ہوں
میں دھڑکن کے ہر راز میں بس رہا ہوں
ذرا دل کی جانب نگاہیں جھکاؤ
محبت میں اتنا —
نہ ہو گے اگر ہم تو روتے رہو گے
سدا دل کا دامن بھگوتے رہو گے
جو تم پر مٹا ہو اسے نہ مٹاؤ
محبت میں اتنا —
آواز دے کے ہمیں تو بلاؤ

ختم شد

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اس کو کافی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر استاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف ۲/-/- محصولڈاک معاف

اردو ہندی ٹیچر

آجکل اردو اور انگریزی کے ساتھ ساتھ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اس لیئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھانے والی کتاب منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے بھی بغیر استاد کے ہر مرد و عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا سیکھ سکتا ہے۔

قیمت صرف ۱/۸/- محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی